## جمیل فخری کے صاحبزادے ایاز فخری کے قتل پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

## جواں سال ایاز فخری کی ہلاکت پر سوگوار لواحقین کے دکھ اور صدمہ کا اندازہ کرسکتا ہوں

## دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان سوگوار لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں

## حکومت تمام تر سفارتی ذرائع استعمال کرتے ہوئے علی ایاز فخری کے پراسرار قتل کی تحقیقات کرائے

لندن۔۔۔7، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے امریکہ میں پاکستان کے معروف فنکار جمیل فخری کے صاحبزادے علی ایاز فخری کے قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور ایاز فخری کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ایاز فخری کی ہلاکت پر جمیل فخری سمیت تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں جواں سال ایاز فخری کی ہلاکت پر سوگوار لواحقین کے دکھ اور صدمہ کا اندازہ کرسکتا ہوں اور انہیں یقین دلاتا ہوں کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان سوگوار لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ایاز فخری کو جنت الفردوس میں اعلیٰ ترین مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین) جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ تمام تر سفارتی ذرائع استعمال کرتے ہوئے علی ایاز فخری کے پراسرار قتل کی تحقیقات کرائے، تحقیقات سے عوام کو آگاہ کیا جائے اور قاتلوں کو سزا دلانے کیلئے بھرپور کردار ادا کرے۔

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان و دیگر کا معروف فنکار جمیل فخری سے ان کے صاحبزادے کے قتل پر رہائش گاہ جاکر تعزیت کی

لاہور۔۔ 7 دسمبر 2010ء

قائد تحریک جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، لاہور زونل کمیٹی کے انچارج شاہین گیلانی و اراکین زونل کمیٹی اور ڈسٹرکٹ کے کمیٹی کے ارکان نے معروف فنکار جمیل فخری کی رہائش گاہ جاکر امریکہ میں ان کے صاحبزادے ایاز فخری کے بہیمانہ قتل پر اظہار تعزیت کیا ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی امریکہ کی حکومت جلد از جلد جمیل فخری کے صاحبزادے کے قاتلوں کو گرفتار کرکے انہیں قرار واقعی سزا دے گی بلکہ اس واقعہ کے اصل محرکات کو بھی سامنے لائے گی۔وہ کچھ دیر سوگواران کے ہمراہ رہے انہوں نے مرحوم کیلئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین) دریں اثناء لندن سے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان مصطفیٰ عزیز آبادی اور قاسم علی رضا نے بھی ٹیلی فون پر جمیل فخری سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ان کے صاحبزادے ایاز فخری کے قتل پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

## محرم الحرام انسانی تاریخ میں عظیم قربانیوں سے عبارت ہے، اس کا احترام سب پر لازم ہے، الطاف حسین

## ہر مسلک اور فقہ سے تعلق رکھنے والے عوام ایک دوسرے کے عقائد اور مسالک کا کھلے دل سے احترام کریں اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھیں۔محرم الحرام اور ہجری سال کے آغاز کے موقع پر خصوصی پیغام

لندن۔۔۔7، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ محرم الحرام انسانی تاریخ میں عظیم قربانیوں سے عبارت ہے اور اس کا احترام سب پر لازم ہے۔محرم الحرام اور ہجری سال کے آغاز کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں انہوں نے کہا کہ ہر مسلک اور فقہ سے تعلق رکھنے والے عوام نہ صرف حق وصداقت کیلئے عملی جدوجہد کریں بلکہ ایک دوسرے کے عقائد اور مسالک کا بھی کھلے دل سے احترام کریں۔جناب الطاف حسین نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام سے اپیل کی کہ وہ محرم الحرام کے موقع پر فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور امن وامان برقرار رکھیں اور عقیدہ، مذہب اور فقہ کی بنیاد پر عوام کو آپس میں لڑانے والے عناصر کی سازشوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔جناب الطاف حسین نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اور عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ اپنے خطبات، مجالس اور تقاریر میں بھائی چارے، فرقہ وارانہ اتحاد اور امن وامان کے قیام کی تلقین کریں۔انہوں نے ملک بھر میں موجود ایم کیو ایم کے ذمہ داران وکارکنان سے کہا کہ وہ محرم الحرام کے موقع پر فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارہ برقرار رکھنے کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور اپنے اپنے علاقوں میں مختلف مکاتب فکر کے بزرگوں اور نوجوانوں پر مشتمل امن کمیٹیاں تشکیل دیں تاکہ محرم الحرام کے موقع پر فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رہے۔

## وزیراعلیٰ بلوچستان نواب اسلم رئیسانی کے قافلے پرخودکش حملے پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا اظہار مذمت

## انتہاء پسند دہشت گرد اس قسم کی دہشت گردیوں کے ذریعے ملک کو غیر مستحکم کرنے پر تلے ہوئے ہیں، رابطہ کمیٹی

کراچی: 7/ دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے وزیراعلیٰ بلوچستان نواب اسلم رئیسانی کے قافلے پرخودکش حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ یہ واقعہ کھلی دہشتگردی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ انتہاء پسند دہشت گرد اس قسم کے دہشتگردیوں کے ذریعے ملک کو غیر مستحکم کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے دہشتگردی کے اس واقعہ میں زخمی ہونے والے پولیس اہلکاروں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اوران کی صحتیابی کیلئے دعا کی۔

## ایم کیوایم کے تحت یوم شہداء 9 دسمبر بروز جمعرات کو ملک بھر میں انتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جائے گا

## متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کرینگے

## قرآنی خوانی کا مرکزی اجتماع جناح گراؤنڈ عزیز آباد منعقد کیا جائے گا

کراچی۔۔۔7، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام یوم شہداء 9 دسمبر 2010ء بروز جمعرات ملک بھرانتہائی عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جائے گا جس میں شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآنی خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے جائیں گے اورشہداء زبردست خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں مرکزی اجتماع میں یادگارشہداء حق جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں منعقد ہوگا۔ اجتماع سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے ٹیلی فونک خطاب کرینگے۔ اجتماع میں شہداء کے اہل خانہ، رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، سینیٹ کے ارکان، عوام وکارکنان بڑی تعداد میں شریک ہونگے۔ یوم شہداء کے حوالے سے تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں جبکہ اس حوالے سے مختلف کمیٹیاں بھی تشکیل دے دی گئی ہیں

## روسی سفیر ANDREY S, BUDNIK کی خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات

## ملاقات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست صوبائی وزیر بھی موجود تھے

کراچی۔۔۔7، دسمبر 2010ء

پاکستان میں متعین روسی سفیر Andrey S. Budnik نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس، محترمہ نسرین جلیل اورحق پرست صوبائی وزیر فیصل سبزواری بھی موجود تھے۔ وفد میں کراچی میں متعین قونصل جنرل Andrey V Demidove، اتاشی Evgeny yalseev اور Pural Dzhavadov بھی ہمراہ تھے ۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں دونوں جانب سے پاکستان اور روس کے تعلقات کو بہتر بنانے، باہمی تجارت کوفروغ دینے اور معاشی تعاون کی ضرورت پرزور دیا گیا، خطے کی ترقی اوراستحکام کیلئے روس اور پاکستان کے تعلقات کو مزید مضبوط اور مستحکم بنانے پراتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی نے پاکستان میں فرسودہ نظام اورکرپٹ سیاسی کلچر کے خاتمے کیلئے قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکروفلسفہ اورنظریئے کے مطابق پاکستان میں سیاسی معاشی استحکام، ملکی بقاء وسلامتی کیلئے انتہاء پسندی اوردہشت گردی کے مکمل خاتمہ کی مکمل ضرورت پرزور دیا۔ روسی سفیر Andrey S. Budnik نے ملک میں جمہوریت کے فروغ اورسیاسی استحکام کیلئے ایم کیوایم کے کردار کو سراہا۔ اس سے قبل ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار دیگراراکین رابطہ کمیٹی وحق پرست صوبائی وزیر کے ہمراہ روسی سفیر کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں خوش آمدید کہا۔ آخر میں رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے روسی سفیر Andrey S. Budnik آندرے کی خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ان کی آمد پر شکریہ ادا کیا اورانہیں قائدتحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر پرمنی کتاب ''پکٹوریل بائیوگرافی الطاف حسین'' پیش کی۔

## کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی۔۔۔۔7دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 136 کے کارکن سیّد باقر رضوی کے بڑے بھائی سیّد جعفر عباس، ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ C-38 کے کارکن محمد فیصل کے چھوٹے بھائی محمد شفقت اور ایم کیوایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 140/A کے کارکن شکیل عالم کی والدہ محترمہ افسری بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ۔(آمین)

## کورنگی میں میں خاتون کو زندہ جلانے کے واقعہ کا نوٹس لیا جائے ،حق پرست خواتین ارکان اسمبلی

کراچی۔۔۔۔7دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کی انچارج وحق پرست رکن قومی اسمبلی کشور زہرہ اور رکن سندھ اسمبلی شہناز نے مقامی اسپتال جا کر ناصر کالونی کورنگی میں شوہر کے ہاتھوں تیل چھڑک کر آگ لگانے کے باعث بری طرح جھلس جانے والی محترمہ راحیلہ خاتون کی عیادت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی ۔اس موقع پر ایم کیوایم شعبہ خواتین کی دیگر ارکان بھی موجود تھیں ۔انہوں نے راحیلہ خاتون کو آگ لگانے کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور اس واقعہ کو خواتین پر ظلم بربریت، ناانصافی اور سفاک درندگی قرار دیا ہے ۔کشور زہرہ اور شہناز نے وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ، اور صوبائی وزیر داخلہ ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ اس واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث فرد کو گرفتار کر کے سخت سے سخت سزا دی جائے ۔

☆☆☆☆☆